AQF / Fazil

04-07-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے Trinidad Tobago میں پورٹ آف اسپین میں بھارتی برادری کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ صرف تارکینِ وطن نہیں بلکہ دائمی تہذیب کے پیغام رساں ہیں۔

2- اطلاعات و نشریات کی وزارت نے TRP مارکیٹ کو مقابلہ آرائی کیلئے کھولنے کی خاطر TV Rating ایجنسیوں کیلئے ضابطوں میں ترامیم تجویز کی ہیں۔

3- دلّی سرکار نے، طے شدہ مدّت سے زیادہ پرانی موٹر گاڑیوں کیلئے ایندھن فراہم کرنے پر پابندی کو موقوف رکھنے کی بات کہی ہے اور یہ کہا ہے کہ اس طرح کی گاڑیوں کو ضبط نہیں کیا جائے گا۔

4- چھتیس گڑھ سرکار خاص طور پر قبائلیوں کی زیادہ آبادی والے Surguja اور Baster خطّے میں 5 ہزار سے زیادہ موبائل ٹاور لگائے گی۔

5- امریکی کانگریس نے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے Big Beautiful Bill کو منظوری دے دی ہے۔

6- اور کروشیا میں Grand Chess Tour 2025 ٹورنامنٹ میں بھارت کے D Gukesh نے عالمی نمبر ایک Magnus Carlsen کو ہرا کر تیسرے مرحلے میں سبقت حاصل کر لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-TRINIDAD AND TOBAGO

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ Trinidad Tobago میں بھارتی برادری کا سفر دلیری اور ہمت کا سفر ہے۔ آج صبح وہاں بھارتی برادری کے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اُن کے آباو اجداد نے امید کے ساتھ مشکلات کا سامنا کیا اور رامائن کو اپنے دل کے قریب رکھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ صرف تارکینِ وطن نہیں بلکہ

دائمی تہذیب کے پیغام رساں تھے۔

**S/B 0605 PM on Indian Community**

وزیر اعظم نے اعلان کیا کہ Trinidad Tobago میں بھارت نژاد افراد اب OCI کارڈز کے اہل ہوں گے۔
اس طرح وہ بندشوں کے بغیر بھارت میں رہ کر کام کرسکیں گے۔ جناب مودی نے بھارتی برادری کے لوگوں کی اس بات کے لیے حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنے وطن کی سرزمین پر جائیں اور بھارت کے ساتھ اپنے رشتے کو مستحکم بنائیں۔ جناب مودی نے بھارتی برادری کی ثقافتی دَین کی ستائش کی اور کہا کہ رام مندر کی شکل کا ماڈل اور ایودھیا میں Saryu دریا کا پوتر جل اپنے ساتھ لانا ایک اعزاز کی بات ہے۔ وزیر اعظم نے اس سے قبل مندر کی تعمیر کیلئے شِلائیں اور پوتر جل بھیجنے کے بھارتی برادری کے جذبے کا تذکرہ کیا۔ جناب مودی نے بھارتی ثقافت کو محفوظ رکھنے کیلئے Trinidad Tobago میں بھارتی برادری کے لوگوں کی ستائش کی اور کہا کہ وہ اپنے پیچھے گنگا اور یمنا چھوڑ گئے تھے، لیکن رامائن کو اپنے دل کے قریب رکھا۔

وزیر اعظم نریندر مودی 5 ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں کل رات Trinidad Tobago میں پورٹ آف اسپین پہنچے۔ خصوصی جذبے کا اظہار کرتے ہوئے وہاں کی وزیر اعظم کملا پرساد Bissessar نے ہوائی اڈّے پر جناب مودی کا خیر مقدم کیا۔ اُن کے ہمراہ کابینہ کے ارکان اور کئی دیگر ممتاز شخصیات بھی موجود تھیں۔ وزیر اعظم کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ جناب مودی 2 دن کے اپنے دورے میں Trinidad Tobago کی صدر اور وزیر اعظم کے ساتھ بات چیت کریں گے اور وہاں کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب بھی کریں گے۔

## TELEVISION RATING AGENCY

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے ٹیلی ویژن درجہ بندی ایجنسیوں کیلئے پالیسی رہنما خطوط میں ترامیم تجویز کی ہیں۔
یہ رہنما خطوط 2014 میں جاری کیے گئے تھے۔ سرِدست براڈکاسٹ Audience ریسرچ کاؤنسل TV Ratings فراہم کرنے والی واحد ایجنسی ہے۔ مجوزہ ترامیم کا مقصد مختلف ایجنسیوں کو نئی ٹکنالوجی لا کر صحتمند مقابلے کو فروغ دینے اور خاص طور پر منسلک ٹی وی پلیٹ فارمز کیلئے اور زیادہ قابلِ بھروسہ اور نمائندگی والا ڈیٹا فراہم کرنے کی اجازت دینا ہے۔ ×

## DELHI CAQM VEHICLE

دلّی سرکار نے ہوا کی کوالٹی کے بندوبست سے متعلق کمیشن سے درخواست کی ہے کہ دلّی میں اُس ہدایت پر فی الحال عمل درآمد موقوف رکھا جائے، جس میں طے شدہ مدّت سے زیادہ پرانی موٹر گاڑیوں کے لیے ایندھن نہ دینے کی بات کہی گئی تھی۔ دلّی کے ماحولیات کے وزیر Manjinder Singh Sirsa نے اس سلسلے میں کمیشن کو ایک مراسلہ بھیجا ہے۔

نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سرسہ نے کہا کہ دلّی سرکار قومی راجدھانی کی فضا کو

صاف رکھے گی اور شہر کی موٹر گاڑیوں کو ضبط نہیں ہونے دے گی۔

**S/B - Manjinder Singh Sirsa**

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**CHHATTISGARH MOBILE TOWERS**

چھتیس گڑھ سرکار 5 ہزار سے زیادہ موبائل ٹاورس لگانے پر غور کر رہی ہے۔ خاص طور پر قبائیلوں کی زیادہ آبادی والے Surguja اور Baster خطّوں میں یہ موبائل ٹاور لگائے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Vikalp Shukla**

*چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ Vishnu Deo Sai نے سال 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے ساتھ ساتھ ترقی یافتہ چھتیس گڑھ کے مقصد کے حصول کیلئے ریاست میں ڈیجیٹل انقلاب کو نئی رفتار دینے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ ریاست کے دور دراز کے علاقوں میں نئے موبائل ٹاور لگانے جیسے کام میں تیزی لائی جائے اور فائبر نیٹ ورک لائنیں بچھانے کے کام کو بھی تیز کیا جائے۔ جناب وشنو دیو سائی نے کہا ہے کہ مختلف محکموں کی آن لائن خدمات کو وسعت دے کر 250 دیگر آف لائن خدمات کو بھی آن لائن خدمات میں تبدیل کر دیا جائے گا۔*

*رائے پور سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**ANNAPURNA-INSTITUTE**

خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق محکمے کی وزیر انّاپورنا دیوی آج جھارکھنڈ کے رانچی میں خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق ساوتری بائی پھلے قومی انسٹی ٹیوٹ کے نئے علاقائی سینٹر کا افتتاح کریں گی۔ یہ نیا مرکز صلاحیت سازی کی کوششوں کے تئیں ایک اہم قدم ہے اور ملک کے مشرقی خطے میں خدمات کی فراہمی کو بہتر بنائے گا۔

آ کاشوانی سے خصوصی بات چیت میں محترمہ انّاپورنا دیوی نے کہا کہ یہ مراکز جھارکھنڈ، بہار، اڈیشہ اور مغربی بنگال پر خاص توجہ کے ساتھ مشن شکتی، مشن Vatsalya، مشن سکشم آنگن واڑی اور پوشن 2.0 جیسے مختلف اہم اقدامات کے سلسلے میں تربیت اور تحقیق کی ضرویات پوری کریں گے۔

**Byte:0815-Annapurna Devi**

**BES-CONFERENCE**

پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت کمار سہگل نے نئی دلّی میں براڈ کاسٹ اور میڈیا ٹیکنالوجی سے متعلق 29 ویں بین الاقوامی کانفرنس BES EXPO 2025 کا افتتاح کیا ہے۔ کل اپنے خطاب میں جناب سہگل نے کہا کہ گزشتہ 10 برس میں ملک میں ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کو کئی گنا فروغ حاصل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مواصلات اور نشریات میں نئی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے سے پروگراموں کا ڈیجیٹائزیشن اور سب تک اُن کی رسائی ممکن ہوپائی ہے۔ پرسار بھارتی کے CEO گورَو دویدی نے کہا کہ نشریاتی میڈیا منظر نامہ بہت تیزی سے بدل رہا ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ساحلی کرناٹک، مشرقی راجستھان، کونکن، گوا اور مدھیہ پردیش میں کہیں کہیں شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ مدھیہ پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، اُڈیشہ اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ ہماچل پردیش کے کئی حصوں میں بادل پھٹنے کے واقعات، اچانک سیلاب آنے اور چٹّانوں کے ٹکڑے گرنے کی وجہ سے روزمرہ کی زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی ہے۔ موسمیات محکمے نے آج شدید بارش کے امکان کے مدِّنظر Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Ritesh Kapoor**

*پچھلے 24 گھنٹے میں Sirmaur ضلعے میں Pachhad میں سب سے زیادہ 133 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ اس کے علاوہ ہمیر پور ضلعے میں Barsar میں 92 ملی میٹر بارش ہوئی۔ ریاست میں کوئی 246 سڑکوں پر ٹریفک میں رکاوٹ پڑ گئی ہے۔ بجلی کے 404 ٹرانسفارمر اور پینے کے پانی کی سپلائی کی 784 لائنیں متاثر ہوئی ہیں، جس کی وجہ سے لوگوں کو بجلی اور پانی کی قلت کا سامنا ہے۔ ریاست میں بارش سے وابستہ واقعات میں اب تک 69 افراد کی موت ہوئی ہے، جبکہ 110 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ 37 لوگ اب بھی لاپتہ ہیں۔*

*شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**TRUMP-TAX BILL**

امریکی کانگریس نے صدر ٹرمپ کے بڑے ٹیکس اور اخراجات سے متعلق بل کو منظوری دے دی ہے، جو صدر اور ملک کیلئے اُن کے ایجنڈے کی ایک اہم اور محنت سے حاصل کی گئی جیت ہے۔ Capitol Hill میں ایک زبردست اجلاس کے بعد کل رات ایوان نمائندگان نے 214 کے مقابلے 218 ووٹ سے اس بل کو منظور کرلیا۔ منگل کے روز اِسے ایک ووٹ سے سینیٹ

نے منظوری دی تھی۔ صدر ٹرمپ نے ریپبلکن کے کنٹرول والی کانگریس کو اس بل پر حتمی فیصلہ کرنے کیلئے 4 جولائی تک کی مدت دی تھی، تاکہ اسے قانون کی شکل دی جاسکے، جسے وہ Big Beatiful Bill قرار دیتے ہیں۔

کانگریس کے بجٹ آفس کے تخمینے کے مطابق اس بل سے آئندہ 10 برس میں وفاقی خساروں میں تین اعشاریہ تین ٹریلین امریکی ڈالر کا اضافہ ہوگا اور لاکھوں افرادصحت سے متعلق بیمے سے محروم ہوجائیں گے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب ٹرمپ نے کہا کہ یہ بل، اِس ملک کو ایک راکٹ شِپ بنا دے گا۔ امکان ہے کہ آج وہ نیشنل ہولی ڈے کے موقع پر ایک تقریب میں اس کی قانونی شکل پر دستخط کریں گے۔×

## GRAND CHESS TOUR

شطرنج میں کل رات کروشیا میں Grand Chess Tour 2025 کے رِیپڈ زمرے کے چھٹے دور میں عالمی چمپئن ڈی گوکیش نے عالمی نمبر ایک Magnus Carlsen کو ہراکر ایک مرتبہ پھر سب کو حیران کردیا۔ سفید مہروں سے کھیل رہے Carlsen نے شروعات میں مضبوط پوزیشن حاصل کرلی تھی، تاہم گوکیش نے اُن کا سخت مقابلہ کیا اور آخر کار جیت حاصل کی۔×

## CRICKET-IND-ENG TEST

کرکٹ میں، برمنگھم کے Edgbaston میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان دوسرے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن آج انگلینڈ اپنے کل کے اسکور 3 وکٹ پر 77 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

اس سے قبل بھارتی کپتان شُبھمن گِل نے 269 رن کی شاندار اننگز کھیلی، جس کے سبب کل بھارت اپنی پہلی اننگز میں 587 رن کا بڑا اسکور بنا پایا۔ گِل نے انگلینڈ میں ٹیسٹ میچ میں دوہری سینچری بناکر تاریخ رقم کی ہے اور ایسا کرنے والے وہ پہلے بھارتی کھلاڑی اور ایشیائی کپتان بن گئے ہیں۔ انہوں نے اینڈرسن-تینڈولکر ٹرافی کے تحت جاری دوسرے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن یہ سنگ میل حاصل کیا۔

اس کامیابی کے ساتھ شُبھمن کا شمار بھارت کیلئے بطور کپتان دوہری سینچری بنانے والے منصورعلی خاں پٹودی، سنیل گواسکر، سچن تینڈولکر اور ایم ایس دھونی کے ساتھ ہوگا۔ انگلینڈ پانچ میچوں کی سیریز میں ایک -صفر سے آگے ہے۔ اُس نے لیڈس میں افتتاحی ٹیسٹ میچ میں بھارت پر پانچ وکٹ سے جیت حاصل کی تھی۔

## WIMBLEDON

ویمبلڈن ٹینس میں بھارت کے این سری رام بالا جی مردوں کے ڈبلز کے دوسرے دور میں پہنچ گئے ہیں۔ بالاجی اور

میکسیکو کے اُن کے ساتھی کھلاڑی نے کل افتتاحی راؤنڈ میں امریکی جوڑی کو شکست دی۔ اب اگلے دور میں اُن کا مقابلہ اسپین اور ارجنٹینا کے کھلاڑیوں کی جوڑی سے ہوگا۔×

## BRICS SUMMIT

برازیل میں، بھارت کے سفیر دِنیش بھاٹیہ نے کہا ہے کہ بِرکس سربراہ میٹنگ اور وزیر اعظم نریندر مودی کے سرکاری دورے کے دوران اہم معاملات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بِرکس سربراہ میٹنگ اس مہینے کی 6 اور 7 تاریخ کو Rio de Janeiro میں ہوگی اور اس کے بعد 8 جولائی کو جناب مودی کے سرکاری دورے کے موقع پر اہم معاملات زیر غور آئیں گے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی گفتگو میں جناب بھاٹیہ نے کہا کہ 17 ویں بِرکس سربراہ میٹنگ میں دیگر باتوں کے علاوہ عالمی حکمرانی کی اصلاحات، آب و ہوا کی تبدیلی کے چیلنجوں اور Artificial Intelligence کے معاملات پر غور کیا جائے گا۔

## RAJNATH DAC

دفاعی سامان کی سرکاری خرید سے متعلق کونسل نے اندرونِ ملک وسائل سے ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا سرمایہ حاصل کرنے کی 10 تجویزوں کو منظوری دے دی ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی صدارت میں کونسل نے بکتربند Recovery گاڑیوں، الیکٹرانک جنگی نظام، فوج کی تینوں شاخوں کیلئے مربوط مشترکہ Inventory بندوبست نظام اور زمین سے فضا میں وار کرنے والے میزائلوں کی سرکاری خرید کو منظوری دی ہے۔×

## PUTIN-TRUMP TALKS

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے کہا ہے کہ یوکرین کے خلاف اُس وقت تک کارروائی جاری رہے گی، جب تک سبھی مقاصد پورے نہیں ہوجاتے۔ کل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ فون پر بات چیت کے دوران جناب پوتن نے یہ بات کہی۔ دونوں صدور کے درمیان ایک گھنٹہ طویل بات چیت کے بعد نامہ نگاروں کو تفصیل بتاتے ہوئے کریملن کی خارجہ پالیسی کے ایک عہدیدار نے کہا کہ ماسکو، جاری لڑائی کے سلسلے میں ایک سفارتی حل تلاش کرنا جاری رکھے گا، لیکن وہ اس کی بنیادی وجوہات کا حل کئے بغیر اسے نہیں چھوڑے گا۔×

## MEA FACT CHECK

سرکار نے اِن دعووں کو غلط قرار دیا ہے کہ وہائٹ ہاؤس نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی مصروفیات کی وجہ سے اُن

سے ملاقات کرنے کی وزیر خارجہ ایس جے شنکر کی درخواست قبول نہیں کی تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ خارجہ کے حقائق کی جانچ سے متعلق اکاؤنٹ نے اِن دعوں کو فرضی خبر قرار دیا ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... حبیب الرحمان

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے اردو کے بیشتر اخباروں نے گھانا کی پارلیمنٹ سے وزیراعظم نریندر مودی کے خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: ہمارے لئے جمہوریت صرف ایک نظام نہیں بلکہ بنیادی اقدار کا حصہ ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان پانچ معاہدوں پر دستخط۔ وزیراعظم مودی کو گھانا کے اعلیٰ ترین قومی اعزاز ''دی آفیسر آف دی آرڈر آف دی اسٹار آف گھانا'' سے سرفراز کئے جانے کی خبر کو بھی اخباروں نے صفحہ اول پر نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کا آغاز 21 جولائی سے، اس خبر کو سبھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ بھارت اور آسٹریلیا کا زیر سمندر نگرانی سے متعلق ٹیکنالوجی کو بہتر بنانے کیلئے ایک پروجیکٹ شروع کرنے پر اتفاق۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

بین الاقوامی صفحہ کی کچھ اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ ایران کا انٹرنیشنل ایجنسی سے تعاون ختم کرنا ناقابل قبول: امریکہ۔

☆ سعودی عرب میں پہلی بار امریکی میزائل دفاعی نظام تھاڈ تعینات۔

☆ مائیکروسافٹ کا 9 ہزار ملازمین کی برطرفی کا اعلان۔

☆ جوہری پروگرام کو روکنے کیلئے دنیا کو ایران کے خلاف فیصلہ کن اقدام کرنا ہوگا: اسرائیل۔×

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے Trinidad Tobago میں پورٹ آف اسپین میں بھارتی برادری کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ صرف تارکینِ وطن نہیں بلکہ دائمی تہذیب کے پیغام رساں ہیں۔

2- اطلاعات و نشریات کی وزارت نے TRP مارکیٹ کو مقابلہ آرائی کیلئے کھولنے کی خاطر TV Rating ایجنسیوں کیلئے ضابطوں میں ترامیم تجویز کی ہیں۔

3- دلّی سرکار نے، طے شدہ مدّت سے زیادہ پرانی موٹر گاڑیوں کیلئے ایندھن فراہم کرنے پر پابندی کو موقوف رکھنے کی بات کہی ہے اور یہ کہا ہے کہ اس طرح کی گاڑیوں کو ضبط نہیں کیا جائے گا۔

4- چھتیس گڑھ سرکار خاص طور پر قبائیلیوں کی زیادہ آبادی والے Surguja اور Baster خطّے میں 5 ہزار سے زیادہ موبائل ٹاور لگائے گی۔

5- امریکی کانگریس نے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے Big Beautiful Bill کو منظوری دے دی ہے۔

6- اور کروشیا میں Grand Chess Tour 2025 ٹورنامنٹ میں بھارت کے D Gukesh نے عالمی نمبر ایک Magnus Carlsen کو ہرا کر تیسرے مرحلے میں سبقت حاصل کر لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------